چالیس متفق علیہ
احادیث
N A Z
Writes

فیضان حدیث ایپلیکیشن میں آپ مذکورہ احادیث کو مندرجہ ذیل نمبرنگ کے ذریعے باآسانی تلاش کر سکتے ہیں

الحدیث الاول	7	الحدیث الحادی والعشرون	4947
الحدیث الثانی	68	الحدیث الثانی والعشرون	4921
الحدیث الثالث	140	الحدیث الثالث والعشرون	5105
الحدیث الرابع	200	الحدیث الرابع والعشرون	5075
الحدیث الخامس	1524	الحدیث الخامس والعشرون	5053
الحدیث السادس	1725	الحدیث السادس والعشرون	5613
الحدیث السابع	1892	الحدیث السابع والعشرون	1862
الحدیث الثامن	1893	الحدیث الثامن والعشرون	1242
الحدیث التاسع	2263	الحدیث التاسع والعشرون	1930
الحدیث العاشر	2487	الحدیث الثلاثون	2298
الحدیث الحادی عشر	3218	الحدیث الحادی والثلاثون	2938
الحدیث الثانی عشر	3762	الحدیث الثانی والثلاثون	3314
الحدیث الثالث عشر	4489	الحدیث الثالث والثلاثون	3448
الحدیث الرابع عشر	4608	الحدیث الرابع والثلاثون	3665
الحدیث الخامس عشر	4609	الحدیث الخامس والثلاثون	594
الحدیث السادس عشر	4629	الحدیث السادس والثلاثون	1052
الحدیث السابع عشر	4794	الحدیث السابع والثلاثون	2330
الحدیث الثامن عشر	4814	الحدیث الثامن والثلاثون	4525
الحدیث التاسع عشر	4817	الحدیث التاسع والثلاثون	5123
الحدیث العشرون	4823	الحدیث الاربعون	6007

(*چالیس احادیث یاد کرنے کی فضیلت*)

مَنْ حَفِظَ عَلٰی أُمَّتِیْ أَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا مِنْ أَمْرِ دِیْنِهَا، بَعَثَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فَقِیْهًا،

وَكُنْتُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ شَافِعًا وَشَاهِدًا۔

(ترجمہِ حدیث)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص میری امت کو فائدہ پہنچانے کے لیے امر دین کے متعلق چالیس احادیث یاد کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن فقیہ بنا کر اٹھائے گا اور میں قیامت کے دن اس کا شفاعت کرنے والا گواہ بنوں گا۔*

Naz Writes

(الحدیث الاول)

وَعَنْ أَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ :

«لَا یُؤْمِنُ أَحَدُکُمْ حَتّٰی أَکُونَ أَحَبَّ إِلَیْہِ مِنْ وَالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ أَجْمَعِینَ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت انس (رضی اللہ عنہ) سے ا_ فرماتے ہیں کہ فرمایا نبی ﷺ نے تم میں سے کوئی مؤمن نہیں ہوسکتا تا آنکہ میں اُسے ماں باپ اولاد اور سب لوگوں سے پیارا ہو جاؤں ۲_

Naz Writes

(الحدیث الثانی)

وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

«إِنَّ الشَّیْطَانَ یَجْرِیْ مِنَ الْإِنْسَانِ مَجْرَی الدَّمِ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت انس (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے فرماتے ہیں فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ شیطان انسان کے خون کے ٹھکانوں میں گردش کرتا ہے۔

Naz Writes

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے فرماتی ہیں فرمایا رسول اللہ
ﷺ نے جو ایجاد کرے ہمارے دین میں وہ طریقہ جو اس دین سے نہیں وہ
مردود ہے۔

(الحدیث الرابع)

وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ وَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ يُعْطِي»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت معاویہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے ا؎ فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے اللہ جس کا بھلا چاہتا ہے اسے دین کا فقیہ بنادیتا ہے ۲؎ میں بانٹنے والا ہوں اللہ دیتا ہے ۳؎

Naz Writes

(الحدیث الخامس)

وَعَنْ أَبِی هُرَیْرَۃَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

«حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ خَمْسٌ: رَدُّ السَّلَامِ وَعِیَادَۃُ الْمَرِیضِ وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ وَإِجَابَۃُ الدَّعْوَۃِ وَتَشْمِیتُ الْعَاطِسِ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں ا؎ سلام کا جواب دینا، بیمار کی عیادت کرنا، جنازوں کے ساتھ جانا، دعوت قبول کرنا، چھینک کا جواب دینا۲؎

(الحديث السادس)

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ وَشَقَّ الْجُيُوبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ»

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت عبداللہ ابن مسعود (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ وہ ہم میں سے نہیں جو منہ پیٹے، گریبان پھاڑے اور جہالت کی باتیں بکے۔

(الحديث السابع)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«يَا نِسَاءَ الْمُسْلِمَاتِ لَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَلَوْ فِرْسِنَ شَاةٍ»

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے اے مؤمن بیبیو کوئی پڑوسن کا ہدیہ حقیر نہ جانے اگرچہ بکری کی کھری ہی ہو۔ا۔

(الحدیث الثامن)

وَعَنْ جَابِرٍ وَحُذَيْفَةَ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ»

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت جابر و حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ ہر بھلائی صدقہ ہے۔

Naz Writes

(الحديث التاسع)

وَعَنْ أَبِي مُوسَىٰ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«مَثَلُ الَّذِي يَذْكُرُ رَبَّهُ وَالَّذِي لَا يَذْكُرُ مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ»

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے اس کی مثال جو رب کا ذکر کرے اور جو نہ کرے زندہ و مردہ کی سی ہے ا۔

Naz Writes

(الحدیث العاشر)

وَعَنْ أنسٍ قَالَ: كَانَ أَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«اَللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیادہ دعا یہ تھی اے الٰہی ہم کو دنیا میں بھلائی دے ۲ اور آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں آگ سے بچالے۔

Naz Writes

(الحدیث الحادی عشر)

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيمَةِ يُدْعَى لَهَا الْأَغْنِيَاءُ وَيُتْرَكُ الْفُقَرَاءُ، وَمَنْ تَرَكَ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُولَهُ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ بدترین کھانا وہ ولیمہ کا کھانا ہے جس کے لیے مالدار تو بلائے جائیں اور فقراء چھوڑ دیئے جائیں ۲؎ اور جس نے دعوت چھوڑی اس نے اللہ اور رسول ﷺ کی نافرمانی کی ۳؎

(الحديث الثانی عشر)

وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«إِنَّ أَبْغَضَ الرِّجَالِ إِلَى اللهِ الأَلَدُّ الْخَصِمُ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرماتی ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ اللہ کی بارگاہ میں بہت ناپسندیدہ شخص زیادہ سخت جھگڑالو ہے۔

Naz Writes

(الحدیث الثالث عشر)

عَنْ أَبِی طَلْحَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

«لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِکَةُ بَیْتًا فِیہِ کَلْبٌ وَلَا تَصَاوِیرُ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا نبی کریم ﷺ نے کہ اس گھر میں فرشتے نہیں آتے جس میں کتا ہو نہ اس گھر میں جس میں تصویریں ہوں۔

وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

«الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے کہ اچھی خواب ا۔ نبوت کا چھیالیسواں ہے ۲۔

Naz Writes

(الحدیث الخامس عشر)

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

«مَنْ رَآنِي فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِي فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ فِي صُورَتِي»

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ رسول ﷺ نے فرمایا کہ جس نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا۔ کیونکہ شیطان میری شکل نہیں بن سکتا۔

Naz Writes

(الحدیث السادس عشر)

وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو: أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللهِ ﷺ: أَيُّ

الْإِسْلَامِ خَيْرٌ! قَالَ:

«تُطْعِمُ الطَّعَامَ وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت عبداللہ ابن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ کون سا اسلام اچھا ہے؟ ا؎ فرمایا کھانا کھلاؤ اور سلام کرو اسے جسے پہچانو یا نہ پہچانو ۲؎

(الحديث السابع عشر)

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«لِأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَيْحًا يَرِيهِ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے کہ کسی شخص کا پیٹ پیپ سے بھرا ہو جو اسے گندہ کر دے اس سے اچھا ہے کہ شعر سے بھرا ہو۔

Naz Writes

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اسے قتل کرنا کفر ہے۔

(الحديث التاسع عشر)

وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«مَنْ دَعَا رَجُلًا بِالْكُفْرِ أَوْ قَالَ: عَدُوَّ اللهِ وَلَيْسَ كَذٰلِكَ إِلَّا حَارَ عَلَيْهِ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے جو کسی شخص کے کافر ہونے کا دعویٰ کرے یا کہے اللہ کا دشمن اور وہ ایسا ہو نہیں مگر وہ اس پر لوٹتا ہے۔

(الحدیث العشرون)

وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ:

«لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ. وَفِي رِوَايَةِ مُسْلِمٍ: نَمَّامٌ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جنت میں چغل خور نہ جاوے گا۔ اور مسلم کی روایت میں چغلخور ہے۔

(الحدیث الحادی والعشرون)

عَنْ جَرِیرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ:

«لَا یَرْحَمُ اللّٰہُ مَنْ لَا یَرْحَمُ النَّاسَ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت جریر ابن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے کہ اللہ اس پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔

Naz Writes

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت جبیر ابن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے کہ رشتے توڑنے والا جنت میں نہ جائے گا۔

Naz Writes

(الحديث الثالث والعشرون)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

«لَيْسَ الشَّدِيدُ بِالصُّرَعَةِ إِنَّمَا الشَّدِيدُ الَّذِي يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے کہ کوئی شخص کُشتی سے پہلوان نہیں ہوتا۔ پہلوان وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے کو قابو میں رکھے ۲۔

(الحدیث الرابع والعشرون)

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ:

«إِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت عبد اللہ ابن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ تمہارے بہترین لوگ وہ ہیں جو تم میں اچھے اخلاق والے ہوں ا۔

Naz Writes

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ مؤمن ایک سوراخ سے دوبارہ نہیں کاٹا جاتا

اے

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جنت میں ایک کوزے کی جگہ دنیا اور دنیا کی چیزوں سے بہتر ہے۔

(الحديث السابع والعشرون)

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

«قَالَ اللهُ تَعَالَى: أَنْفِقْ يَا ابْنَ آدَمَ أُنْفِقْ عَلَيْكَ»

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے رب تعالیٰ نے فرمایا ہے اے انسان خرچ کر میں تجھ پر خرچ کروں گا۔

وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

«أَحَبُّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللّٰهِ أَدْوَمُهَا وَإِنْ قَلَّ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرماتی ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کو پیارا عمل دائمی ہے اگرچہ تھوڑا ہوا۔

وَعَنْ أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

«إِذَا أَنْفَقَ الْمُسْلِمُ نَفَقَةً عَلَى أَهْلِهِ وَهُوَ يَحْتَسِبُهَا كَانَتْ لَهُ صَدَقَةٌ»

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت ابومسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے کہ جب مسلمان اپنے گھر والوں پر ثواب کی طلب میں خرچ کرتا ہے تو یہ اس کے لیے صدقہ ہوتا ہے ا۔

Naz Writes

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

«كَلِمَتَانِ خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيلَتَانِ فِي الْمِيزَانِ، حَبِيبَتَانِ إِلَى الرَّحْمٰنِ: سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ»

(ترجمۂ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے دو کلمے زبان پر ہلکے ہیں ترازو میں بھاری ہیں رحمن کو پیارے ہیں ا۔ سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم ۲۔

(الحديث الحادی والثلاثون)

عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ:

«مَنْ أَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ ظُلْمًا فَإِنَّهُ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ»

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت سعید ابن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جو بالشت بھر زمین ظلمًا لے لے تو قیامت کے دن اسے سات زمینوں کا طوق پہنایا جائے گا۔

(الحدیث الثانی والثلاثون)

وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ وَأَبِي بَكْرَةَ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

«مَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ وَهُوَ يَعْلَمُ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت سعد ابن ابی وقاص اور حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جو اپنے کو نسبت کرے اپنے غیر باپ کی طرف حالانکہ جانتا ہو تو اس پر جنت حرام ہے۔

(الحدیث الثالث والثلاثون)

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

«أَوَّلُ مَا يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الدِّمَاءِ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ قیامت کے دن سب سے پہلے خونوں کا فیصلہ کیا جاوے گا۔

(الحدیث الرابع والثلاثون)

وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

«لَا طَاعَةَ فِي مَعْصِيَةٍ، إِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوفِ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ گناہ میں کسی کی اطاعت نہیں اطاعت صرف بھلائی میں ہے۔

(الحدیث الخامس والثلاثون)

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ:

«اَلَّذِی یَفُوتُهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ فَکَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جس کی نماز عصر جاتی رہی گویا اس کا گھر بار اور مال لٹ گیا۔

Naz Writes

(الحديث السادس والثلاثون)

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلَاةَ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَعِشْرِينَ دَرَجَةً»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جماعت کی نماز اکیلی نماز پر ستائیس درجے افضل ہے۔

(الحدیث السابع والثلاثون)

وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ:

«إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا اعْتَرَفَ ثُمَّ تَابَ، تَابَ اللّٰہُ عَلَيْهِ»

(ترجمہِ حدیث)

روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرماتی ہیں فرمایا رسول للہ ﷺ نے کہ بندہ جب اقرارِ گناہ کرلیتا ہے پھر توبہ کرتا ہے تو اللہ اس کی توبہ قبول کرلیتا ہے۱۔

(الحدیث الثامن والثلاثون)

وَعَنْ عَائِشَةَ وَرَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

«اَلْحُمّٰى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَأَبْرِدُوهَا بِالْمَاءِ»

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت عائشہ اور رافع ابن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرماتے ہیں فرمایا نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے کہ بخار دوزخ کی بھڑک ہے؎ تو اسے پانی سے ٹھنڈا کرو؎۲

Naz Writes

عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ:

«الظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ»

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ نبی کریم ﷺ
نے فرمایا کہ ظلم قیامت کے دن تاریکیاں ہو گا۔

Naz Writes

(الحدیث الاربعون)

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

«لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ»

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میرے صحابہ کو برا نہ کہو کیونکہ اگر تم میں سے کوئی احد (پہاڑ) بھر سونا خیرات کرے تو نہ ان کے ایک مد کو پہنچے نہ آدھے کو۔